SUZUKI

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the **40th Annual General Meeting** of the shareholders of Pak Suzuki Motor Company Limited will be held at Ramada Plaza Hotel Airport on Tuesday, April 18, 2023 at 9:00 a.m. to transact the following business:

## ORDINARY BUSINESS

1- To confirm minutes of Annual General Meeting held on April 26, 2022.

2- To receive, consider and adopt the audited accounts of the Company for the year ended December 31, 2022, together with Directors' and Auditors' reports thereon.

3- To appoint auditors for the year ending December 31, 2023 and fix their remuneration. The Board Audit Committee and the Board of Directors have recommended the name of M/s. A.F. Ferguson & Co., Chartered Accountants, as auditors for appointment by the company's member in annual general meeting in place of retiring auditors M/s. KPMG Taseer Hadi & Co., Chartered Accountants.

## SPECIAL BUSINESS

4- To ratify and approve transactions conducted with the Related Parties for the year ended December 31, 2022 by passing the following special resolution with or without modification:

**"Resolved that** the transactions conducted with the Related Parties as disclosed in the note 44 of the audited financial statements for the year ended December 31, 2022 and specified in the Statement of Material Facts under Section 134(3) be and are hereby ratified, approved and confirmed."

5- To authorize the Board of Directors of the company to approve transaction with the Related Parties for the financial year ending December 31, 2023 by passing the following special resolution with or without modification:

**"Resolved that** the Board of Directors of the company be and is hereby authorized to approve the transactions to be conducted with the related parties for the financial year ending December 31, 2023."

**"Further resolved that** these transactions by the Board of Directors shall be deemed to have been approved by the shareholders and shall be placed before the shareholders in the next Annual General Meeting for their formal ratification / approval."

A Statement of Material Facts under Section 134(3) (b) of The Companies Act 2017 covering the above-mentioned special businesses is being sent to the shareholders along with a copy of this notice.

## ANY OTHER BUSINESS

6- To consider any other business with the permission of the Chair.

BY ORDER OF THE BOARD

**ABDUL NASIR**
**COMPANY SECRETARY**

Karachi: March 28, 2023

**Notes:**

1- The share transfer books of the Company will remain closed from April 11, 2023 to April 18, 2023 (both days inclusive) and no transfer will be accepted for registration during this period. Transfers received in order till close of business on April 18, 2022 will be accepted for transfer.

2- Only those persons whose names appear in the Register of Members of the Company as at April 11, 2023 will be entitled to attend / participate in / vote at the Annual General Meeting.

3- An instrument of proxy applicable for the Meeting is being provided with the Notice sent to members. Further copies of the instrument of proxy may be obtained from the Registered Office of the Company during normal office hours. Proxy form may also be downloaded from the Company's website: http://www.suzukipakistan.com.

4- A member entitled to attend and vote at this meeting may appoint another member as his/her proxy to attend the meeting and vote for him/her. Proxies in order to be effective must be received by the Company not less than 48 hours before the meeting.

5- As per section 72 of the Companies Act 2017, the company is required to replace its physical shares with the book entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the Commission, within a period not exceeding four years from the commencement of this Act.

The shareholders having physical shareholding are encouraged to open account with the Central Depositary Company (CDC) to place their physical share into scrip less form.

6- Members are requested to notify change in their address, if any, to the Company's share registrar CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block 'B', S.M.C.H.S. Main Shahrah-e-Faisal, Karachi – 74400.

7- CDC Account Holders will further have to follow the under mentioned guidelines as laid down in the Circular 1 dated January 26, 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.

**For Attending the Meeting**

i. In case of individuals, the account holders or sub account holders and/ or the person whose securities are in group account and their registration detail are uploaded as per the regulations, shall authenticate his/her identity by showing his/her original Computerized National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the Meeting.

ii. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney in favor of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the Meeting.

**For Appointing Proxies**

i. In case of individuals, the account holders or subaccount holders and / or the person whose securities are in group account and their registration detail is uploaded as per the regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.

ii. The proxy form shall be witnessed by the person whose name, address and CNIC number shall be mentioned on the form.

iii. Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.

iv. The proxy shall produce his / her original CNIC or original passport at the time of Meeting.

v. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the Company.

8- SECP vide its SRO 779(1)/2011 dated August 18, 2011 has made it mandatory for the companies to provide CNIC numbers of the shareholders on dividend warrants. Therefore, members who have not yet submitted photocopies of their valid CNICs to the Company are again requested to immediately submit the same directly to Company's share registrar CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block 'B', S.M.C.H.S. Main Shahrah-e-Faisal, Karachi – 74400.Dividend Warrants of the shareholders who will not submit the copies of their CNICs will be withheld by the or Company.

9- Under the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017, it is mandatory for a listed Company to pay cash dividend to its shareholders only through electronic mode directly into bank account designated by the entitled shareholders. In order to receive dividends directly into their bank account, shareholders, who own physical shares, are requested to fill in Electronic Credit Mandate Form available on Company's website and send duly signed form along with a copy of CNIC to the Registrar of the Company. In case shares are held in CDC then Electronic Credit Mandate Form must be submitted directly to shareholder's broker/participant/CDC account services.

10- As per instructions of Securities and Exchange Commission of Pakistan, the Company has arranged video link facility for online participation of members in the AGM. The meeting can be attended using smart phones/tablets/computers. To attend the meeting through video link, the members are requested to register themselves by providing the following information along with valid copy of CNIC / passport/ certified copy of board resolution/power of attorney in case of corporate shareholders with the subject "Registration for PSMC AGM" through email **company.secretary@paksuzuki.com.pk** on or before April 16, 2023.

i. Name of member CNIC No.
ii. CDC Account No. / Folio No. and Number of shares held in their name
iii. Cell Number /
iv. Email address

The members who are registered after the necessary verification shall be provided a video link by the Company on the same email address that they email to Company. The login facility will be opened at 8:45 a.m. on April 18, 2023 enabling the shareholders to join the meeting which will start at 9:00 a.m. sharp.

The members can also provide their comments and suggestion to the agenda item of the AGM at the email address: **company.secretary@paksuzuki.com.pk**

11- Members can avail video conference facility. In this regard, please fill the following and submit to registered address of the Company 10 days before holding of the Meeting. If the Company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing at a geographical location other than Karachi, to participate in the meeting through video conference at least 10 days prior to date of the meeting, the Company will arrange video conference facility in the city subject to availability of such facility in that city.

In this regard, members are requested to send duly signed request as per the following format:

"I/We, __________________ of ____________, being a member of Pak Suzuki Motor Company Limited, holder of _________ ordinary share(s) as per Registered Folio No. ______ hereby opt for video conference facility at ____________.".

12- Notice of the Annual General meeting and Annual Report of the company for the year ended December 31, 2022 have been placed on the website of the company, **https://www.suzukipakistan.com**

ORIENTmMcCANN

50 cm x 4 col

SUZUKI

# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پاک سوزوکی موٹر کمپنی لمیٹڈ کے حصص یافتگان کا (40) چالیسواں سالانہ اجلاسِ عام بروز منگل، مورخہ 18 اپریل 2023 کو صبح 09:00 بجے رمادا پلازا ہوٹل ایئرپورٹ، میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی امور:**

1- سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ 26 اپریل 2022 کی کاروائی کی توثیق۔

2- 31 دسمبر 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات بمع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی اور منظوری۔

3- 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ بورڈ کی آڈٹ کمیٹی کی تجویز پر بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی توثیق کی ہے، جنہیں سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز KPMG تاثیر ہادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی جگہ سالانہ اجلاس عام میں کمپنی کے ارکان کی جانب سے بطور آڈیٹرز تقرر کیا گیا ہے۔

**خصوصی امور:**

4- 31 دسمبر 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لیے متعلقہ فریقوں کے ساتھ کیے گئے لین دین کی توثیق اور منظوری کے لیے درج ذیل خصوصی قرارداد کو ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر منظور کرنا:

''قرار طے پایا ہے کہ متعلقہ فریقین کے ساتھ کئے گئے لین دین جیسا کہ 31 دسمبر 2022 کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کے نوٹ 44 میں انکشاف کیا گیا ہے اور سیکشن (3)134 کے تحت مادی حقائق کے بیان میں واضح کیا گیا ہے اور اس کے ذریعے سے توثیق، منظور شدہ اور تصدیق شدہ ہیں۔''

5- کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین کی منظوری کے لیے درج ذیل خصوصی قرارداد کو ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر منظور کرنے کا اختیار دینا:

''یہ قرار طے پایا ہے کہ کمپنی کا بورڈ آف ڈائریکٹرز 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے متعلقہ فریقین کے ساتھ کیے جانے والے لین دین کو منظور کرنے کا مجاز ہے۔''

''مزید قرار طے پایا ہے کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے ان لین دین کو حصص یافتگان کے ذریعہ منظور شدہ سمجھا جائے گا اور ان کی باضابطہ توثیق/منظوری کے لیے آئندہ سالانہ اجلاسِ عام میں شیئر ہولڈرز کے سامنے رکھا جائے گا۔''

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (b)(3)134 کے تحت مذکورہ بالا خصوصی امور سے متعلق مادی حقائق کا بیانیہ نوٹس ہٰذا کے ہمراہ حصص داران کو ارسال کیا جا رہا ہے۔

**دیگر امور:**

6- صدر اجلاس کی اجازت سے دیگر کسی کاروائی پر غور وخوض کرنا۔

بحکم بورڈ

**عبدالناصر**

**کمپنی سیکریٹری**

کراچی: 28 مارچ 2023

---

**نوٹس:-**

1- کمپنی کی تبدیلی حصص کی کتُب 11 اپریل 2023 سے 18 اپریل 2023 (بشمول دونوں دن) بند رہے گی اور اس عرصے کے دوران کوئی منتقلی رجسٹریشن کیلئے قبول نہیں کی جائے گی۔ جو منتقلیاں کاروبار بندش کے وقت تک باضابطہ طور پر 18 اپریل 2023 کو موصول ہوں گی انہیں منتقلی کے لئے قبول کر لیا جائے گا۔

2- جن کے نام کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں 11 اپریل 2023 کو موجود ہوں گے صرف وہ افراد ہی سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت/شمولیت/ووٹ ڈالنے کے اہل ہوں گے۔

3- اراکین کو بھیجے گئے نوٹس کے ہمراہ اجلاس کے لیے قابل اطلاق پراکسی فارم فراہم کیا جا رہا ہے۔ پراکسی فارم کی مزید کاپیاں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے عام دفتری اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔ پراکسی فارم کو کمپنی کی ویب سائٹ http://www.suzukipakistan.com سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

4- ایک ممبر جو سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے، اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے اپنی جگہ کسی اور رکن کو بطور پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کے موثر ہونے کے لئے کمپنی کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہونا لازمی ہے۔

5- کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق، کمپنی پر لازم ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم کے ساتھ تبدیل کرے جیسا کہ بیان کیا گیا ہے اور کمیشن کی طرف سے مطلع کردہ تاریخ سے، اس مدت کے اندر جو اس ایکٹ کے نفاذ سے چار سال سے زائد نہ ہو۔

فزیکل شیئر ہولڈنگ کے حامل شیئر ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی (CDC) کے ساتھ اپنا اکاؤنٹ کھولیں تاکہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس فارم کی صورت میں رکھ سکیں۔

6- ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی بابت، اگر کوئی ہے تو، کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس۔ B-99، بلاک 'بی'، .S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 پر فوری طور پر مطلع کریں۔

7- سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی مورخہ 26 جنوری 2000 کو سرکلر 1 میں جاری کردہ مندرجہ ذیل ہدایات کی تعمیل کرنا ہوگی۔

**اجلاس میں شرکت کے لئے:**

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کی ہوئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی تصدیق اپنا اصل شناختی کارڈ (CNIC) یا اپنا اصل پاسپورٹ دکھا کر کروائے گا۔

(ii) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/نامزد شخص کے حق میں پاور آف اٹارنی (اگر پہلے سے فراہم نہ کیا گیا ہو) بمعہ نمونہ دستخط اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگی۔

**پراکسیز کی تقرری کے لئے:**

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کی ہوئی ہیں، مندرجہ بالا ضروریات کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائے گا۔

(ii) پراکسی فارم پر دو گواہان کی شہادت موجود ہونی چاہئے اور ان کے نام، پتے اور مؤثر قومی شناختی کارڈ نمبر درج ہونے چاہئیں۔

(iii) بینیفشل اونرز اور پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کروائی جائیں گی۔

(iv) پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ فراہم کرے گا۔

(v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) مع نمونہ دستخط پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو جمع کروانا ہوگی۔

8- SECP نے SRO779(1)/2011 بتاریخ 18 اگست 2011 کے تحت کمپنیوں کیلئے یہ بات لازمی کر دی ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے نمبرز ڈیویڈنڈ وارنٹس پر ضرور فراہم کریں۔ لہٰذا جن ممبران نے تاحال کمپنی کو اپنے کارآمد قومی شناختی کارڈ کی کاپیاں جمع نہیں کروائیں ان سے درخواست ہے کہ وہ فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس۔ B-99، بلاک 'بی'، .S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل، کراچی -74400 پر جمع کروادیں۔ جو شیئر ہولڈرز اپنے CNIC کی کاپیاں جمع نہیں کروائیں گے ان کے ڈیویڈنڈ وارنٹس کو یا بذریعہ کمپنی روک لیا جائے گا۔

9- کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 242 کے ضوابط کے تحت، ایک لسٹڈ کمپنی کیلئے لازمی ہے کہ وہ اپنے حصص یافتگان کو نقد منافع منقسمہ بذریعہ برقی طریقہ کار براہِ راست اہل حصص یافتگان کے نامزد کردہ اکاؤنٹ میں ادا کرے۔ منافع منقسمہ براہ راست اپنے اکاؤنٹ میں وصول کرنے کے لئے طبعی حصص کے حامل حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم کو پُر کریں اور باضابطہ دستخط شدہ فارم اپنے CNIC کی کاپی کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔ اگر حصص سی ڈی سی کے پاس موجود ہیں تو الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم براہِ راست حصص یافتگان کے بروکر/ شراکت دار/ سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کو جمع کروانا ضروری ہے۔

10- سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق، کمپنی نے AGM میں ممبران کی آن لائن شرکت کے لیے ویڈیو لنک کی سہولت کا انتظام کیا ہے۔ اسمارٹ فون/ٹیبلیٹ/کمپیوٹر کا استعمال کرتے ہوئے اجلاس میں شرکت کی جاسکتی ہے۔ ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لیے اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ''رجسٹریشن برائے PSMC AGM'' کے موضوع کے ساتھ درج ذیل معلومات کے ہمراہ CNIC / پاسپورٹ/ بورڈ کی قرارداد کی تصدیق شدہ کاپی / پاور آف اٹارنی کی کاپی بذریعہ ای میل company.secretary@paksuzuki.com.pk فراہم کر کے مورخہ 16 اپریل 2023 کو یا اس سے قبل خود کو رجسٹر کروائیں۔

(i) ممبر کا نام CNIC نمبر

(ii) سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر/فولیو نمبر اور ان کے نام پر رکھے گئے حصص کی تعداد

(iii) سیل نمبر/

(iv) ای میل ایڈریس

ضروری تصدیق کے بعد رجسٹرڈ ہونے والے ممبران کو کمپنی کی طرف سے اسی ای میل ایڈریس پر ایک ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا جس پر وہ کمپنی کو ای میل کرتے ہیں۔ لاگ ان کی سہولت 18 اپریل 2023 کو صبح 8:45 بجے کھولی جائے گی جس سے شیئر ہولڈرز اجلاس میں شامل ہوسکیں گے جو کہ صبح 9:00 بجے شروع ہوگی۔

ممبران ای میل ایڈریس company.secretary@paksuzuki.com.pk پر A G M کے ایجنڈا آئٹم پر اپنی رائے اور تجاویز بھی فراہم کر سکتے ہیں۔

11- ممبران وڈیو کانفرنس کی سہولت سے بھی استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں، براہِ کرم ذیل میں دی گئی معلومات کا اندراج کریں اور کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر اجلاس کے انعقاد سے 10 دن قبل جمع کروائیں۔ اگر کمپنی ایک ہی جغرافیائی مقام پر رہنے والے ان حصص یافتگان سے رضامندی حاصل کرتی ہے جن کے پاس کل ادا شدہ سرمائے کی کم از کم 10 فیصد یا زائد کی حصص داری ہے تو اجلاس سے 10 دن قبل مندرجہ ذیل فارم جمع کروانے پر کمپنی اس شہر میں شرکت کے لئے انہیں ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کرے گی، جس کا انحصار اس سہولت کی اس شہر میں دستیابی سے مشروط ہوگا۔ اس ضمن میں، ممبران سے التماس ہے کہ وہ درج ذیل فارمیٹ کے مطابق دستخط شدہ درخواست ارسال کریں:

''میں/ہم (شیئر ہولڈر کا نام) __________، (شہر کا نام) __________ سے، پاک سوزوکی موٹر کمپنی لمیٹڈ کا ممبر ہونے کے تحت __________ آرڈینری شیئرز بمطابق فولیو/ سی ڈی سی/ انویسٹر اکاؤنٹ نمبر __________ (شہر کا نام واضح کریں) __________ میں وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں۔''

12- 31 دسمبر 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کی سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ https://www.suzukipakistan.com پر آویزاں کر دی گئی ہے۔

ORIENTmMcCANN

51 cm x 4 col